معروف درسی کتاب کی آسان اور عام

تبصیر

شرح ابن عقیل



مولانا مختار احمد سلفی

اسلامیہ مکتبہ
MAKTABA ISLAMIA

maktabaquddusia.com

CamScanner

نحو کی معروف درسی کتاب کی آسان اور عام فہم تشریح

تبصیر
شرح ابن عقیل

مولانا مختار احمد سلفی

مکتبہ اسلامیہ

maktabaquddusia.com

فہرست

(حصہ اوّل)

- عرض مصنف 16
- حالات زندگی صاحب الفیہ 18
- حالات زندگی صاحب شرح ابن عقیل 20
- خطبہ محمد بن مالک 23
- کلام اور وہ چیز جس سے کلام بنتا ہے (کا بیان) 25
- کلام کی تعریف 27
- کلمہ کی تعریف 27
- اسم کی علامتیں 31
- فعل کی علامتیں 32
- حرف کی علامت 33
- فعل ماضی کی علامت 34
- فعل امر اور اسم فعل بمعنی امر کا فرق 34
- معرب اور مبنی کا بیان 35
- اسم کی حرف کے ساتھ مشابہت کی صورتیں 36
- اسم معرب کی اقسام 38
- اسماء اور افعال اصل میں معرب ہیں یا مبنی؟ 39
- فعل مبنی 40
- فعل معرب 40
- فعل 41
- مبنی کا اعراب 42

maktabaquddusia.com

CamScanner

ہیں۔سب سے پہلے شعر کا ترجمہ کیا گیا ہے کیونکہ صحیح ترجمہ کرنے سے آدھا مطلب حل ہوجاتا ہے، پھر حل عبارت کی صورت میں اس شعر میں آنے والے مشکل الفاظ کو حل کیا گیا ہے، اس لفظ کا معنی، صرفی تحلیل یعنی صیغہ کا حل اور اگر کوئی نحوی اشکال ہے تو اس کا حل، پھر رموز شعر کی صورت میں اختصار سے یہ ذکر کیا گیا ہے کہ اس شعر میں صاحب کتاب کیا بیان کرنا چاہتے ہیں کیونکہ جب آدمی کو یہ پتا چل جاتا ہے کہ اس میں کیا بیان ہورہا ہے تو پھر اس کی تفصیل میں جانا آسان ہوجاتا ہے، اس کے بعد خلاصہ کی صورت میں بالترتیب اس شعر میں بیان کیے گئے اصولوں کو ذکر کیا گیا ہے، تفصیل کو ذکر کرنے میں جہاں خاص ترتیب کو ملحوظ رکھا گیا ہے وہاں اس کو بیان کرتے ہوئے ضروری چیزوں کو سرخیوں سے بھی نمایاں کیا گیا ہے تاکہ سرخیوں کو ذہن میں رکھ کر پوری بات کو یاد رکھنے میں آسانی رہے، شرح میں آنے والے اشعار کا مکمل ترجمہ، حل عبارت کی صورت میں اس کے مشکل الفاظ کی لغوی، صرفی اور نحوی تحلیل، محل استشہاد کی وضاحت، شرح میں آنے والے مشکل الفاظ کی توضیح، اسی طرح جہاں کسی چیز کی مختلف قسمیں بیان کی گئی ہیں، وہاں خلاصہ کلام کے طور پر اس کا ٹیبل بنادیا گیا ہے تاکہ وہ ساری چیزیں سامنے آجائیں جو مختلف جگہوں میں بکھری پڑی ہیں اور وہ ذہن میں نقش ہوجائیں، بعض مقامات پر ابہام کی وضاحت فائدہ اور نوٹ کی صورت میں کی گئی ہے، یوں اس میں مکمل شرح ابن عقیل کا احاطہ کیا گیا ہے، کوئی بھی قابل ذکر بات نہیں چھوڑی گئی۔

اس لیے یہ اصل مقصود کو سمجھنے اور اسے یاد رکھنے کے لیے بہترین اور گراں قدر تحفہ ہے۔

جہاں یہ طلبہ کے لیے مفید ہے تو وہاں یہ ابتدائی اساتذہ کرام کے لیے بھی بہترین تحفہ ہے، مکمل عبارت کا ترجمہ کرنے سے پہلے طلبہ کے سامنے سبق کا خلاصہ بیان کرنے کے لیے بہترین معاون ہے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ



الجزء الاوّل

CamScanner

خطبہ محمد بن مالک

١۔ قَالَ مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ مَالِكٍ اَحْمَدُ رَبِّيَ اللّٰهَ خَيْرَ مَالِكِ

کہا محمد نے وہ ابن مالک ہے، میں تعریف کرتا ہوں اپنے رب اللہ کی (اس حال میں کہ) وہ اچھا مالک ہے۔

٢۔ مُصَلِّيًا عَلَى النَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى وَآلِهِ الْمُسْتَكْمِلِيْنَ الشَّرَفَا

(اس حال میں کہ) میں درود بھیجتا ہوں نبی مصطفیٰ پر، اور آپ کی آل پر جو مکمل کرنے والے ہیں شرف (بزرگی) کو۔

٣۔ وَأَسْتَعِيْنُ اللّٰهَ فِيْ أَلْفِيَّهْ مَقَاصِدُ النَّحْوِ بِهَا مَحْوِيَّهْ

اور میں مدد مانگتا ہوں اللہ سے الفیہ (کتاب کے بارے) میں، نحو کے مقاصد اس میں جمع کیے گئے ہیں۔

٤۔ تُقَرِّبُ الْأَقْصٰى بِلَفْظٍ مُوْجَزِ وَتَبْسُطُ الْبَذْلَ بِوَعْدٍ مُنْجَزِ

قریب کرتا ہے الفیہ دور والے (معنی) کو مختصر لفظ کے ساتھ، اور وہ پھیلاتا ہے سخاوت کو پورا کیے ہوئے وعدہ کے ساتھ۔

فائدہ: اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ الفیہ مشکل چیز کو مختصر الفاظ کے ساتھ آسان کر دیتا ہے۔

٥۔ وَتَقْتَضِيْ رِضًا بِغَيْرِ سُخْطٍ فَائِقَةً أَلْفِيَّةَ ابْنِ مُعْطٍ

اور وہ تقاضا کرتا ہے رضامندی کا بغیر ناراضگی کے، (اس حال میں کہ) وہ فائق ہے ابن معطی کے الفیہ سے۔

فائدہ: اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ آسان ہے اپنے پڑھنے والے کو خوش کرتا ہے نہ کہ ناراض۔

٦۔ وَهُوَ بِسَبْقٍ حَائِزٌ تَفْضِيْلَا مُسْتَوْجِبٌ ثَنَائِيَ الْجَمِيْلَا

اور وہ ابن معطی سبقت کی بناء پر حاصل کرنے والا ہے فضیلت کو، اور (وہ) حق دار ہے میری اچھی تعریف کا۔

٧۔ وَاللّٰهُ يَقْضِيْ بِهِبَاتٍ وَافِرَهْ لِيْ وَلَهُ فِيْ دَرَجَاتِ الْآخِرَهْ

maktabaqudusia.com

CamScanner